**25.06.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فیصل خان

**Music**

..........................................................................

☆ مرکزی کابینہ نے آگرہ میں آلو کے بین الاقوامی مرکز، Jharia Coalfiled کی بازآبادکاری کے منصوبے اور پونے میٹرو مرحلہ-II کی توسیع کو منظوری دی ہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ایمرجنسی کے خلاف لڑائی میں وزیر اعظم نریندر مودی کے رول پر 'The Emergency Diaries' نامی کتاب کا اجرا کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایمرجنسی کی یادوں کو زندہ رکھا جانا چاہیے تاکہ انہیں دوبارہ دوہرایا نہ جائے۔

☆ Axiom-4 مشن کیلئے شبھانشو شُکلا کی روانگی کے ساتھ تاریخ رقم ہوگئی ہے۔ وہ 40 سال میں خلاء میں جانے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔

☆ CBSE نے اگلے سال سے 10 ویں کلاس کیلئے ایک سال میں دو مرتبہ بورڈ امتحانات کی منظوری دی ہے۔

☆ NATO کے اراکین، اپنے دفاعی اخراجات میں 2035 تک GDP کے 5 فیصد تک اضافہ کریں گے۔

☆ اور...... ایران کی پارلیمنٹ نے بین الاقوامی نیوکلیائی توانائی ایجنسی کے ساتھ تعاون کو معطل کرنے سے متعلق ایک بل کو منظوری دی ہے۔

..........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

Cabinet Briefing

حکومت نے پونے میٹرو ریل پروجیکٹ مرحلہ-II کی توسیع کیلئے فیصلہ کیا ہے۔ اِس پر 3 ہزار 626 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ کے ذریعے کیے گئے فیصلے سے متعلق میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 13 اسٹیشنوں کے ساتھ نئی میٹرو لائن کے طور پر، 12 اعشاریہ سات-پانچ کلو میٹر اضافی لائن بچھائی جائے گی۔

2100- Ashwin Vaishnav on Pune Metro

جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت نے جھارکھنڈ میں Jharia Coalfiled کی باز آبادکاری کیلئے نظرثانی شدہ ماسٹر پلان کو اپنی منظوری دے دی ہے۔

انہوں نے کہا کہ نظرثانی شدہ ماسٹر پلان کے نفاذ کے ساتھ ہی، آگ، زمین کے دھنسنے اور Jharia Coalfiled میں متاثرہ کنبوں کی باز آباد کاری سے متعلق معاملات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

جناب ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے، اترپردیش کے شہر آگرہ میں آلو کے بین الاقوامی مرکز کا جنوب ایشیائی علاقائی مرکز قائم کرنے کی تجویز کو بھی منظوری دے دی ہے۔

2100- Ashwin Vaishnav on Potato Institue

وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم کی قیادت میں مرکزی کابینہ نے، ایمرجنسی کے نفاذ کے 50 سال منانے سے متعلق ایک قرار داد کو بھی منظوری دی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، اُن بے شمار افراد کی قربانیوں کو تسلیم کرنے اور تعظیم دینے کے تئیں عہد بند ہے، جنہوں نے جوانمردی کے ساتھ ایمرجنسی کی مخالفت کی تھی۔x

PM Cabinet

وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ کہتے ہوئے کابینہ کے فیصلوں کی ستائش کی ہے کہ اُن کی حکومت، ملک بھر میں کسانوں کی بہبود کے تئیں پورے طور پر عہد بند ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ کے ایک سلسلے میں، وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت نے آگرہ میں آلو کے بین الاقوامی مرکز کا جنوب ایشیائی علاقائی مرکز قائم کرنے کو منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے آلو کی پیداوار سے منسلک کسانوں کو بڑے پیمانے پر فائدہ ہوگا۔ پونے میں میٹرو ریل پروجیکٹ مرحلہ-II کی توسیع سے متعلق جناب مودی نے کہا کہ پونے، تمام شعبوں میں تیز تر ترقی کے ساتھ ملک کی معیشت میں نمایاں طور پر تعاون کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میٹرو خدمات کی توسیع نہ صرف نقل و حمل کو بہتر بنائے گی بلکہ لوگوں کی زندگی کو سہل بھی بنائے گی۔ x

PM Emergency Book

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں 'The Emergency Diaries- years that

'forged a leader' نامی ایک کتاب کا اجرا کیا۔ یہ کتاب، ایمرجنسی کے خلاف جد و جہد میں وزیر اعظم نریندر مودی اور اُس دور کے ایک نوجوان RSS پرچارک کے نمایاں کردار کو اجاگر کرتی ہے۔ جناب شاہ نے اِس کتاب کا اجراء، ایمرجنسی کے 50 سال پورے ہونے پر، سمویدھان ہتیہ دِوس 2025 کی تقریب کے دوران کیا۔ تقریب کے دوران مرکزی وزیر داخلہ نے لوک تنتر زندہ باد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ یاترا ملک بھر کا سفر کرے گی، جس کا مقصد آئینی اقدار، جمہوری حقوق اور ایمرجنسی سے حاصل ہونے والے اسباق کے بارے میں آگاہی پھیلانا ہے۔ جناب شاہ نے ایمرجنسی کے دوران اُن زیادتیوں کو اجاگر کیا، جن کا سامنا لوگوں نے کیا تھا۔

انہوں نے واضح کیا کہ ہر کسی کو ایمرجنسی کی یادوں کو زندہ رکھنا چاہیے تا کہ اُنہیں دوبارہ دوہرایا نہ جاسکے۔

2100-Amit Shah on Emergency

Add PM Emergency Book

پانچ ابواب پر مشتمل یہ کتاب، اِس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ ایمرجنسی میں نوجوان نریندر مودی کی اقتدار، سیاسی سرگرمی اور ایک اچھے حزب اختلاف کے رول کی سمجھ کو کس طرح متاثر کیا۔

کتاب میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ ایمرجنسی بھارت کے جمہوری سفر میں ایک اہم لمحہ ہے ، جِسے حیران کرنے والی ایک ایسی مثال بھی کہا جاسکتا ہے کہ کس طرح شہریوں اور اِداروں کی آزادی ایک ایسے اقتدار کے تحت آگئی جس کا واحد مقصد کنبے کی حکمرانی کو برقرار رکھنا تھا۔

وزیر اعظم نریندرمودی اکثر اس بات کو یاد کرتے ہیں کہ جمہوریت میں یقین رکھنے والوں نے ایک طویل جنگ لڑی اور بھارت جیسے عظیم ملک میں جمہوریت کا جذبہ اُس کے عوام سے ہی وابستہ ہے۔ اسی جذبے کی مضبوطی کا اظہار اُس وقت ہوا جب چناؤ آیا۔ اُنہوں نے اس میراث کو مزید مضبوط کرنے پر زور دیا۔

کتاب میں کہا گیا ہے کہ ایمرجنسی کو یاد کرنا ایک ایسا نہ بھولنے والا لمحہ ہے جو ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جمہوریت سے کبھی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہئے اور ہمیشہ آئینی حقوق کا دفاع کرنا چاہئے۔

Samvidhan Hatya Diwas

آج سمویدھان ہتیہ دِوس منایا گیا۔ یہ اُس وقت کی یاد دلاتا ہے جب 25 جون 1975 کو دستورِ ہند کا غلط استعمال کیا گیا تھا۔ یہ اُن تمام کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا ایک دن بھی ہے، جنہوں نے ایمرجنسی کی زیادتیوں کو جھیلا تھا۔ x

Operation Sindhu

آپریشن سندھو کے تحت مجموعی طور پر تین ہزار 154 بھارتی باشندوں کو ایران سے واپس بھارت لایا گیا ہے۔
296 بھارتی اور چار نیپالی باشندوں کو لے کر ایک پرواز آج شام ایران کے مشہد سے نئی دلّی پہنچی۔ اِس کے علاوہ

آپریشن سندھو کے ایک حصے کے طور پر ابھی تک اسرائیل سے مجموعی طور پر 818 بھارتی باشندے، وطن واپس آچکے ہیں۔ لیبر، روزگار اور MSME کے مرکزی وزیر مملکت Shobha Karandlaje نے آج اُن 224 بھارتی باشندوں کا خیر مقدم کیا، جو بھارتی فضائیہ کے ایک طیارے سے اسرائیل سے بھارت واپس آئے ہیں۔ x

CBSE Two Exam

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے اعلان کیا ہے کہ آئندہ سال سے دسویں کلاس کے بورڈ امتحانات دو مراحل میں ہوں گے۔ نئے نظام کے مطابق پہلا امتحان فروری میں ہوگا جو سبھی طلباء کیلئے لازمی ہوگا۔ جبکہ دوسرا امتحان مئی میں ہوگا جو اختیاری ہوگا۔ وہ طلباء جو اپنی کارکردگی کو سدھارنا چاہتے ہوں گے وہ دوسرے امتحان میں بیٹھ سکتے ہیں۔ وہ تمام طلباء جو پہلے امتحان میں پاس ہوں گے، اُنہیں سائنس، ریاضی، سماجی علوم اور زبانوں میں سے کنہی تین موضوعات کے نتائج کو سدھارنے کی خاطر دوسرے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت ہوگی۔ دونوں مراحل کے نتائج کا اعلان بالترتیب اپریل اور جون میں کیا جائے گا۔

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اس قدم کی ستائش کرتے ہوئے اِسے انتہائی اہم قراردیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے امتحان سے متعلق دباؤ میں کمی آئے گی، طلباء کیلئے مزید سہولت پیدا ہوگی اور طلباء کے سیکھنے کیلئے خوشگوار ماحول کو فروغ حاصل ہوگا۔

جناب پردھان نے کہا کہ سال میں دو مراحل میں امتحانات کا ہونا قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی ایک اہم تجویز تھی جو طلباء کو خیال میں رکھ کر دی گئی تھی اور جو عالمی تعلیمی سرگرمیوں کے مطابق ہے۔

یہ پہل قومی تعلیمی پالیسی 2020 سے مطابقت رکھتی ہے جس میں طلباء میں امتحان سے متعلق دباؤ کو کم کرنے کی خاطر اُنہیں ایک ہی تعلیمی سال میں دو مواقع دینے کی حمایت کی گئی ہے۔X

Goyal Review Meeting

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے ملک کی برآمدات کو فروغ دینے کیلئے اہم شعبوں میں خود کفالت اور برآمدات کے معاملے میں مقابلہ جاتی صلاحیت پر زور دیا ہے۔ پیداوار سے متعلق ترغیبات سے منسلک اسکیم کی ایک جائزہ میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے یہ بات کہی۔ اُنہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اصل توجہ حجم کے بجائے معیاری ہنرمند افرادی قوت قائم کرنے پر ہونی چاہئے۔ یہ PLI اسکیم 14 اہم شعبوں میں نفاذ کے مختلف مراحل میں ہے۔ اس اسکیم میں ایک لاکھ76 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ہوچکی ہے، اور اس سے 12 لاکھ براہ راست اور بلواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔X

S. Aus GOV Jitendra Singh

جنوبی آسٹریلیا کی گورنر Frances Adamson نے آج سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر

سنگھ سے ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان خلاء میں بہت زیادہ اندر ٹیکنالوجی کے متعلق اشتراک پر تبادلۂ خیال کیا۔ محترمہ Adamson جو اس وقت بھارت کے دورے پر ہے وہ Axiom-4 مشن کے آغاز کی خصوصی اسکریننگ میں بھی شامل ہوئی۔ یہ بھارت کیلئے ایک تاریخی لمحہ ہے جس کے تحت بھارت کے خلاء باز گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا بین الاقوامی خلائی مرکز کیلئے عالمی خلائی عملے کا ایک حصہ ہیں۔X

HP Cloudbursts

ہماچل پردیش کے کُلّو ضلعے میں تین سے چار مقامات پر آج بادل پھٹنے کے واقعات پیش آئے۔ جن میں خبر ہے کہ تین افراد بہہ گئے۔ اس کے علاوہ املاک کو شدید نقصان پہنچا ہے۔

منالی کے جیوا نالا علاقے اور Banjar خطے کے ہورنا گڑھ میں شدید بارش کے بعد آج دوپہر بادل پھٹنے کے واقعات پیش آئے۔ Sainj وادی کے Raila Bihal علاقے میں چار مکانات تباہ ہوگئے اور تین افراد اُس وقت جیوا نالا میں بہہ گئے جب وہ اپنے گھر کا سامان بچانے کی کوشش کررہے تھے۔ انتظامیہ نے لاپتہ افراد کیلئے تلاش کی ایک کارروائی کا آغاز کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ریاست میں آئندہ تین سے چار دنوں کیلئے مانسون کے سرگرم رہنے کی پیش گوئی کی ہے اور کچھ علاقوں میں شدید بارش کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔X

NATO Summit

NATO کے تمام اراکین نے، 2035 تک اپنی دفاعی اور سلامتی کے اخراجات کو بڑھا کر مجموعی گھریلو پیداوار کے پانچ فیصد تک کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ ہیگ میں NATO چوٹی کانفرنس میں اعلامیہ میں، NATO نے کہا کہ دفاعی اخراجات میں، کلیدی دفاعی ضروریات میں سالانہ GDP کی کم سے کم 3 اعشاریہ 5 فیصد سرمایہ کاری شامل ہوگی۔ انہوں نے سلامتی سے متعلق اخراجات پر GDP کا ایک اعشاریہ پانچ فیصد تک خرچ کرنے کی بھی بات کہی، جس میں حساس بنیادی ڈھانچے کا تحفظ اور اتحاد کی دفاعی صنعتی ٹھکانوں کو مستحکم کرنا شامل ہے۔ چوٹی کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے NATO کے سربراہ Rutte نے کہا کہ اِس سال یوکرین کیلئے مالی امداد، پچھلے سال کی 58 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کا کافی امکان ہے۔

Rutte نے کہا کہ یوروپ اور کناڈا کو، فوجی اتحاد کیلئے زیادہ تعاون دینے کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران پر امریکی حملے سے اُس ملک کو وسیع نقصان ہوا ہے۔ x

Rajnath SCO

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کل چین کے شہر Qingdao میں شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ میٹنگ کے دوران وزیر دفاع توقع ہے کہ بہت سے معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے، جن میں علاقائی اور بین الاقوامی امن و سلامتی، انسدادِ دہشت گردی کی کوششیں اور تعاون شامل ہے۔ توقع ہے کہ وزیر

دفاع وسیع تر بین الاقوامی امن و سلامتی حاصل کرنے کے تئیں بھارت کے نظریے کو اجاگر کریں گے اور خطے میں دہشت گردی اور انتہا پسندی کو جڑ سے ختم کرنے کی مشترکہ اور پائیدار کوششوں کیلئے زور دیں گے۔ وہ SCO کے اندر وسیع تر تجارتی، اقتصادی تعاون اور کنیکٹیوٹی کی ضرورت پر بھی زور دیں گے۔

میٹنگ کے موقع پر وزیر دفاع شرکت کرنے والے بہت سے ممالک کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ باہمی تبادلۂ خیالات بھی کریں گے، جن میں چین اور روس شامل ہیں۔ بھارت SCO کو، کثیر جہتی، علاقائی سلامتی، اقتصادی تعاون اور عوام سے عوام کے رابطے کو مستحکم کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر انتہائی اہمیت دیتا ہے۔x

## Iran IAEA

ایران کی پارلیمنٹ نے اقوام متحدہ کے نیوکلیائی نگرانی کرنے والے ادارے ایٹمی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی IAEA کے ساتھ تعاون کو معطل سے متعلق ایک بل کو آج منظوری دی۔ ایران کے میڈیا نے خبر دی ہے کہ یہ فیصلہ، اسفہان، Fordow اور Natanz میں تین ایرانی نیوکلیائی تنصیبات پر حالیہ امریکی حملوں کے بعد لیا گیا ہے۔

یہ بل، جسے قانون بننے کیلئے ایران کی Guardian Council کے ذریعے منظور کیا جانا ضروری ہے، اِس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ IAEA کے ذریعے مستقبل میں کسی طرح کا معائنہ کرنے کیلئے، سپریم قومی سلامتی کونسل کی منظوری لینی ہوگی۔ x

## Iran Spying

ایران نے آج اسرائیل کی خفیہ ایجنسی Mossad کیلئے جاسوسی کرنے والے تین قصوروار افراد کو پھانسی دے دی۔ مقامی میڈیا کے مطابق اُنہیں ترکیہ کی سرحد کے نزدیک شمالی مغربی شہر Urmia میں پھانسی دی گئی۔ اُنہوں نے قتل کے سلسلے میں ملک میں ساز و سامان لانے کی کوشش کی تھی۔ اس دوران ایران نے جنگ کے دوران اسرائیل کے ساتھ رابطوں کے معاملے میں تقریباً 700 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔X

## AXIOM-4

ملک کیلئے ایک تاریخی لمحے کے طور پر بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا آج Axiom-4 مشن کے تحت خلاء کیلئے روانہ ہوئے۔ راکیش شرما کے بعد چار دہائیوں میں شکلا خلاء میں جانے والے پہلے بھارتی ہیں۔ اس مشن کو آج بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجکر ایک منٹ پر امریکہ کے فلوریڈا کے Kennedy خلائی مرکز سے روانہ کیا گیا۔

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے کہا ہے کہ Axiom-4 کل بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے چار بجے بین الاقوامی خلائی مرکز پر پہنچے گا۔ گروپ کیپٹن شکلا نے خلاء سے ایک پیغام بھیجا ہے اور کہا ہے کہ یہ ایک بہترین پرواز ہے۔ اُنہوں نے کہا ہے کہ یہ بین الاقوامی خلائی مرکز تک ایک سفر نہیں ہے بلکہ بھارت کے انسانی خلائی پروگرام کا آغاز ہے۔

S/B Shubhanshu Shukla

EVE IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کہا ہے کہ آئندہ سات دنوں کے دوران ملک کے شمال مغربی، وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش جاری رہنے کا امکان ہے۔ IMD کے مطابق گجرات اور اڈیشہ کے کچھ مقامات پر بھی شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

موسمیات کی ایجنسی نے ساحلی کرناٹک، مشرقی راجستھان، جھارکھنڈ، کیرالا، مدھیہ پردیش، تمل ناڈو، پنجاب اور اتراکھنڈ میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ ، مغربی بنگال ،ہریانہ چنڈی گڑھ اور دلی میں بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔X

Rajnath SCO

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کل چین کے شہر Qingdao میں شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ میٹنگ کے دوران وزیر دفاع توقع ہے کہ بہت سے معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے، جن میں علاقائی اور بین الاقوامی امن و سلامتی، انسدادِ دہشت گردی کی کوششیں اور تعاون شامل ہے۔ توقع ہے کہ وزیر دفاع وسیع تر بین الاقوامی امن و سلامتی حاصل کرنے کے تئیں بھارت کے نظریے کو اجاگر کریں گے اور خطے میں دہشت گردی اور انتہا پسندی کو جڑ سے ختم کرنے کی مشترکہ اور پائیدار کوششوں کیلئے زور دیں گے۔ وہ SCO کے اندر وسیع تر تجارتی، اقتصادی تعاون اور کنیکٹیوٹی کی ضرورت پر بھی زور دیں گے۔

میٹنگ کے موقع پر وزیر دفاع شرکت کرنے والے بہت سے ممالک کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ باہمی تبادلۂ خیالات بھی کریں گے، جن میں چین اور روس شامل ہیں۔ بھارت SCO کو، کثیر جہتی، علاقائی سلامتی، اقتصادی تعاون اور عوام سے عوام کے رابطے کو مستحکم کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر انتہائی اہمیت دیتا ہے۔X

☆☆☆☆